© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

**حضرت مولانا قاری شریف احمد رحمۃ اللہ علیہ:**

ممتاز عالم دین، استاذ القراء حضرت مولانا قاری شریف احمد ۱۲؍ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ، ۲۷؍مارچ ۲۰۱۱ء بروز اتوار کراچی میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ نے جامعہ اسلامیہ ڈابھیل سے دورۂ حدیث کی تکمیل کی۔ فن تجوید وقراءت کے امام تھے۔ مفتی اعظم حضرت مولانا محمد کفایت اللہ دہلوی اور شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہم اللہ کے جید تلامذہ میں سے تھے۔ بیعت کا تعلق شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ سے تھا۔ تقریباً سو سال عمر پائی۔ عمر بھر تدریس قرآن اور اشاعت علوم دینیہ میں مشغول رہے۔ کئی کتب تصنیف فرمائیں اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرما کر مغفرت فرمائے اور آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

**جناب محمد شریف صاحب مرحوم:**

ہمارے محسن وکرم فرما حکیم حافظ محمد طارق صاحب، حکیم خلیل اللہ صاحب (ابناء حضرت حکیم حنیف اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ) کے بہنوئی طویل علالت کے بعد ۲؍اپریل ۲۰۱۱ء کو ملتان میں انتقال فرما گئے۔

**اہلیہ حضرت مفتی عبدالستار رحمۃ اللہ علیہ:**

جامعہ خیر المدارس ملتان کے سابق رئیس الافتاء حضرت مولانا مفتی محمد عبدالستار صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی اہلیہ اور مفتی محمد عبداللہ صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۱؍اپریل ۲۰۱۱ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ انتہائی عابدہ وزاہدہ خاتون تھیں۔

**اہلیہ شیخ عبدالغنی صاحب:**

ہمارے نہایت کرم فرما محترم شیخ عبدالغنی صاحب کی اہلیہ اور یو کے احرار ختم نبوت مشن کے صدر برادرم شیخ عبد الواحد صاحب کی والدہ ماجدہ ۱۶؍اپریل ۲۰۱۱ء کو گلاسگو میں انتقال کر گئیں۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے مرحومہ کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے دعاء کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے (آمین)

**شاہد احمد مرحوم:**

ملک کے نامور محقق ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری کے فرزند جناب شاہد احمد مرحوم گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**جناب عبدالکریم خا کی رحمہ اللہ:**

دینی حلقوں میں معروف نعت و نظم گو شاعر جناب عبدالکریم خا کی ۵/ اپریل ۲۰۱۱ء کو ملتان میں انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ قلعہ کہنہ قاسم باغ میں ادا کی گئی۔ مرحوم ایک پختہ اور کہنہ مشق شاعر تھے۔ سرائیکی، اردو میں نعت، نظم، منقبت لکھی۔ اُن کا دیوان بھی شائع ہو چکا ہے۔ زیادہ تر اشعار سرائیکی زبان میں ہیں۔ توحید، ختم نبوت، مناقب صحابہ رضی اللہ عنہم اور حالات حاضرہ ان کے اشعار کے خاص موضوعات تھے۔

**ماسٹر محمد عبداللہ مرحوم:**

ہمارے دیرینہ کرم فرما اور دوست جناب ماسٹر محمد عبداللہ گزشتہ ماہ ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے مخلص اور بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔ مسلم ہائی سکول ملتان میں معلم رہے۔

**جناب محمد رفیق پٹواری مرحوم:**

مسجد طوبیٰ، ۷ اکسی وہاڑی روڈ ملتان کے مخلص معاون اور ہمارے مخلص ساتھی جناب محمد رفیق پٹواری گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم، مسجد طوبیٰ کے تعمیر و انتظام کے سلسلے میں بہت ہی فکر کرنے والے ساتھی تھے۔

**چودھری محمد افضل باجوہ مرحوم:**

چیچہ وطنی میں دار العلوم ختم نبوت کے معاون اور انتہائی ہر دلعزیز شخصیت چودھری افضل باجوہ ۸/ اپریل ۲۰۱۱ء کو مدینہ منورہ میں انتقال فرما گئے۔ مکہ مکرمہ میں چودھری محمد اشرف صاحب کے ہمراہ عمرہ ادا کرنے کے بعد مدینہ منورہ حاضری کے لیے پہنچے اور جنت البقیع میں اللہ تعالیٰ نے جگہ عنایت فرما دی۔ نماز جنازہ ۸/ اپریل جمعۃ المبارک بعد نماز عصر مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ادا کی گئی۔ حافظ محمد رفیق (جدہ) نے مرحوم کے رفیق سفر اور ہمارے مہربان چودھری محمد اشرف کے ساتھ مل کر قانونی کارروائی اور تدفین کے لیے بے حد معاونت فرمائی اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائیں (آمین)

- چیچہ وطنی ہمارے مہربان حاجی محمد سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہ، انتقال ۲۲/ اپریل ۲۰۱۱ء، مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ نے مرحوم کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت اور دعائے مغفرت کی۔
- جناب شیخ محمد خالد مرحوم (گھڑی ساز) چیچہ وطنی، انتقال ۱۶/ اپریل ۲۰۱۱ء مرحوم بزرگ احرار کارکن جناب شیخ حسین اختر لدھیانوی کے عزیز تھے۔
- والدہ چودھری محمد سعید، صدر اہل سنت والجماعت چنیوٹ۔ انتقال ۱۵/ اپریل ۲۰۱۱ء
- مدرسہ ختم نبوت چناب نگر کے مدرس مولانا محمود الحسن کے چچا حکیم محمد منظور صاحب انتقال فرما گئے۔



© rasailojaraid.com